# اخیر زمانے کے واقعات



سبق 2

جون 15 تا 21


"سچائی کو مول لے اور اُسے بیچ نہ ڈال حکمت
اور تربیت اور فہم کو بھی" امثال 23:23
LEY
DE DIOS
I
II
III
IV
V
X
CREADOR
DIOS
EL DIA
SABADO
666

دنیا کے اختتام پر انجیل کی منادی کو تاریخ میں ایسا مقام حاصل ہو گا جو کسی دوسری چیز کو حاصل نہیں، جیسا انجیل کی منادی کو (متی 14:24)۔



اس منادی کا آغاز روح القدس کے نزول سے ہو گا، اُسی طاقت کے ساتھ جس کا پینکست کے وقت اظہار ہوا تھا۔ اس واقعہ کو "آخری بارش" کا نام دیا گیا ہے۔

آخری بارش کس پر نازل ہو گی؟ جنہوں نے خُدا کے ساتھ وفادار رہنے، اُس کے احکام کی تعمیل کرنے اور اس کے مطابق اُس کی حمد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان پر "زندہ خُدا کی مہر" لگائی جائے گی (مکاشفہ 2:7)۔



آخری بحران کی تیاری:

- کلام کی ہدایت کے مطابق چلنا
- ماتھے پر مہر لگنا
- عبادت میں وفادار

اُوپر سے طاقت:

- آخری بارش
- انجیل کی منادی




# آخری بحران کی تیاری

# کلام کی ہدایت کے مطابق چلنا

"تیرا کلام میرے قدموں کے لئے چراغ اور میری راہ کے لئے روشنی ہے" (زبور 105:119)

کیا آپ جانتے ہیں کہ دنیا کے خاتمے کے قریب آپ کو سچائی کہاں سے حاصل کرنی ہے؟ کونسا طریقہ ہے:

"سچائی کو مول لے اور اسے بیچ نہ ڈال" (امثال 23:23)۔



"اور سچائی سے واقف ہو گے" (یوحنا 32:8)۔

"تیرا کلام سچائی ہے" (یوحنا 17:17)۔

"تیری باتوں کی تشریح نور بخشتی ہے وہ سادہ دلوں کو عقل مند بناتی ہے" (زبور 130:119)۔

آخری لمحات میں شیطان کو حقیقی عجائبات کرنے اور دھوکہ دینے کی اجازت دی جائے گی تاکہ وہ ناقابل تردید ہوں (مکاشفہ 13:13، 14؛ متی 24:24)۔

صرف بائبل کا مکمل علم، روح القدس کی مدد، ہمیں سچائی پر قائم رہنے کے لئے درکار ہو گی (2 پطرس 1: 19۔21)۔

# ماتھے پر مہر لگنا

"پھر میں نے نگاہ کی تو کیا دیکھتا ہوں کہ وہ برہ صیون کے پہاڑ پر کھڑا ہے اور اُس کے ساتھ ایک لاکھ چوالیس ہزار شخص ہیں جن کے ماتھے پر اُس کا اور اُس کے باپ کا نام لکھا ہوا ہے" (مکاشفہ 1:14)۔



تین مختلف طریقوں سے خُدا کی مہر کی پہچان کی جاتی ہے:

1۔روح القدس۔ تمام ادوار کے ماننے والوں پر مہر لگائے گا(افسیوں 30:4)۔

2۔خُدا کا نام یا کردار۔ فتح حاصل کرنے والے تمام اس کے مالک ہونگے (مکاشفہ 1:14؛4:22)۔

3۔ایک ناقابل شناخت نشان (مکاشفہ 4:9؛حزقی ایل 4:9)۔

خُدا نے دس حکموں میں سے ایک پر اپنی مہر رکھی ہے، جو اُس کی پرستش کرنے والوں کی ایک مخصوص نشانی کے طور پر ہے (حزقی ایل 20:20)۔






| مہر کا حکم | مثال: سکہ (سپین) | سبت (خروج 20: 8-11) |
|---|---|---|
| نام | فلپس چھٹا | یہواہ |
| عہدہ | بادشاہ | خالق |
| علاقہ | سپین | آسمان، زمین اور سمندر |

# ماتھے پر مہر لگنا

"پھر میں نے نگاہ کی تو کیا دیکھتا ہوں کہ وہ برہ صیون کے پہاڑ پر کھڑا ہے اور اُس کے ساتھ ایک لاکھ چوالیس ہزار شخص ہیں جن کے ماتھے پر اپس کا اور اُس کے باپ کا نام لکھا ہوا ہے" (مکاشفہ 14:1)۔





مہر، نشان یا چھاپ دو مختلف طریقوں سے حاصل کی جاسکتی ہے: ماتھے پر یا ہاتھ پر۔ جب کہ وفادار اسے اپنے ماتھے پر وصول کریں گے، بدکار اسے اپنے ماتھے پر یا اپنے ہاتھوں پر وصول کریں گے (مکاشفہ 13:16؛ فرق کیوں ہے؟

| ماتھے پر | ہاتھ پر |
| --- | --- |
| فکری یقین | سود (منافع کمانا) |
| ہم جس کی عبادت کرتے ہیں اُس پر یقین رکھیں | ہم نتائج کے خوف سے عبادت کرتے ہیں |




جبکہ شیطان عبادت کی وجوہات کی پرواہ نہیں کرتا، خُدا مخلصانہ اور مکمل عبادت کو قبول کرتا ہے (رومیوں 12: 1۔2)۔

# عبادت میں وفاداری

"تاکہ اُس کے سوا جس پر نشان یعنی اُس حیوان کا نام یا اُس کے نام کا عدد ہو اور کوئی خرید و فروخت نہ کر سکے" (مکاشفہ 17:13)۔




وہ لوگ جو حیوان کا نشان حاصل کرنے سے انکار کرتے ہیں وہ خروید و فروخت نہیں کر سکیں گے، اور انہیں موت کی دھمکی دی جاتی ہے (مکاشفہ 13: 15۔17)۔ دوسری جانب، اگر وہ اسے حاصل کرتے ہیں تو انہیں آخری آفات اور دوسری موت کا سامنا کرنا پڑے گا اور ابدی زندگی سے محروم ہو جائیں گے (مکاشفہ 16:2؛14: 9۔11؛20:4؛13۔15)۔

لیکن حیوان کی چھاپ کیا ہے؟ کیا یہ ایک چپ، ایک بار کوڈ، یا کسی قسم کا جسمانی کنٹرول؟



اگر سبت وفاداروں کا ظاہری نشان ہے (نشان) تو کیا حیوان کے نشان کی نوعیت ایک جیسی نہیں ہو گی؟


چونکہ بائبل عبادت کے دن میں کسی تبدیلی کی بات نہیں کرتی ہے، اس لئے اتوار کو عبادت کے دن کے طور پر قبول کرنا کلیسیا کے اختیار کو قبول کرنا ہے، جس نے تبدیلی کی (جس کی شناخت 666 کے طور پر کی گئی)




پھر ہم کونسا اختیار مانیں؟ انسانی اختیار یا خُدا کا اختیار، جو اس کے کلام میں واضح طور پر ظاہر ہوتا ہے؟



# اوپر سے طاقت




# آخری بارش

"پس اے بنی صیون خوش ہو اور خُداوند اپنے خُدا میں شادمانی کرو کیونکہ وہ تم کو پہلی برسات اعتدال سے بخشے گا۔ وہی تمہارے لئے بارش یعنی پہلی اور پچھلی برسات بروقت بھیجے گا" (یوایل 2:23)۔

یوایل نبی بارش کو روح القدس کے نازل ہونے کے استعارے کے طور پر استعمال کرتا ہے (یوایل 2:23،28)۔ پطرس پنتکست کے دن اپنی تقریر میں اس کا اطلاق اس طرح کرتا ہے (اعمال 2: 14۔17)۔

یہ "بارش" اپنے ساتھ خُدا کی حکمت اور علم لاتی ہے (ہوسیع 6:3) ایک وقت میں، اُس نے ایک دن میں ہزاروں کو تبدیل کیا (اعمال 2:41)۔



بحیرہ روم کی آب و ہوا جہاں اسرائیلی رہتے تھے، پہلی بارش (اکتوبر کے آس پاس) زمین کو بیج بونے کے لئے تیار کرتی تھی۔ دوسری بارش (اپریل کے آس پاس) کے نام سے جانا جاتا ہے زمین کو اناج اُگانے کی طاقت بخشتی تھی۔

جس طرح کلیسیا کا آغاز روح القدس کی بارش کے ساتھ ہوا، اسی طرح کلام مقدس کی منادی آخری وقت میں ہو گی جس طرح کلیسیا کا آغاز روح القدس کی بارش کے ساتھ ہوا۔ اسی طرح انجیل کی منادی کا آخری اعلان آخری فصل کی بارش کے برسنے کے بعد ہو گا۔ روح القدس اس آخری نسل پر بڑے زور سے نازل ہو گا (مکاشفہ 18:1)۔





# انجیل کی منادی

"ان باتوں کے بعد میں نے ایک اور فرشتہ کو آسمان پر سے اُترتے دیکھا جسے بڑا اختیار تھا اور زمین اُس کے جلال سے روشن ہو گئی" (مکاشفہ 1:18)۔



یوحنا نے " ایک اور فرشتہ " کو بڑی طاقت کے ساتھ اُترتے دیکھا۔ اس فرشتے کے جلال نے پوری دنیا کو بھر دیا (مکاشفہ 1:18) یہ فرشتہ کیا پیغام دیتا ہے ؟

اس فرشتے کا پیغام دوسرے فرشتے کے پیغام کی طرح ہے: بابل گر پڑا جس نے تمام قوموں کو ناپاک کیا (مکاشفہ 2:18، 3؛ 8:14)۔

روح القدس ان وفاداروں پر طاقت کے ساتھ نازل ہو گا جو "خُدا کے حکموں پر عمل کرنے والوں اور یسوع پر ایمان "رکھتے ہیں (مکاشفہ 12:14)، اور وہ لوگ جو پہلے ہی انجیل کی منادی کر رہے ہیں، اور منادی کے ساتھ عدالت کے آغاز کی آگاہی دے رہے ہیں اور خالق کی عبادت کرنے کی دعوت دے رہے ہیں (مکاشفہ 6:14، 7)۔

ان پیغامات کا سامنا کرتے ہوئے، اور آخری بارش کی قوت کی بدولت، انسانیت کو دو امکانات میں سے ایک کا انتخاب کرنے کا سامنا کرنا پڑے گا: خُدا کی مہر یا حیون کی چھاپ کو قبول کرنا (مکاشفہ 14: 9-11)۔

بہت سی آوازیں آخری پیغام دیں گئں۔ بہت سے آخرت میں وفادار رہنے کا فیصلہ کریں گے۔

"کلیسیا پر روح القدس کا نزول مستقبل میں ہو گا جس کی طرف ہماری نظریں لگی ہوئی ہیں۔ لیکن یہ کلیسیا کا استحقاق ہے کہ اسے بھی حاصل کرے۔ اس کی تلاش کریں، اس کے لئے دُعا کریں، اس پر ایمان رکھیں۔ ہمارے پاس یہ ہونا ضروری ہے اور خُدا روح القدس دینے کا منتظر ہے۔

EGW (Last Days Events, pg. 189)

"جونہی طوفان آگے بڑھتا ہے، وہ لوگ جو تیسرے فرشتے کے پیغام پر ایمان لے آئے مگر سچائی کی فرمانبرداری کرنے سے خود کو پاک اور مقدس نہ کیا، وہ اپنی پوزیشن سے منحرف ہو کر اپوزیشن میں جا ملے۔ دنیا کے ساتھ ملنے اور اُس کی روح کا حصہ بننے سے انہوں نے تمام چیزوں کو اُسی طرح دیکھا جیسا دوسری دنیا نے دیکھا، لیکن جب امتحان کا سامنا کرنا پڑا تو اُنہوں نے ہر دلعزیز آسان راستہ چننے کا انتخاب کیا۔ نیک اوصاف کے مالک انسان جو ایک وقت سچائی میں مسرور تھے، وہ اب اپنی طاقت کو استعمال کر کے روحوں کو بھٹکا رہے ہیں۔ وہ اپنے سابقہ بھائیوں کے سخت دشمن بن گئے ہیں۔ جب سبت کے ماننے والوں کو عدالت میں اپنے ایمان کی وضاحت کرنے کے لئے پیش کا جاتا ہے تو یہی برگشتہ لوگ ابلیس کے بہترین کارندے ثابت ہوتے ہیں۔ اُن پر جھوٹے الزام لگانے اور جھوٹی خبریں دیتے ہیں اور ان کے خلاف حاکموں کو بھڑکاتے ہیں"

عظیم کشمکش صفحہ 608